لیے حضرتِ عبدُ اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما انار کا ایک ایک دانہ کھالیتے تھے کہ شاید وہی جنّتی دانہ اس انار میں ہو اور مجھے نصیب ہو جائے۔(ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنت،2/348)

سوال: کیا جنتیوں کو پسینا آئے گا؟(سائلہ:اسماءعطاریہ)

جواب: سبحانَ اللہ! جنّت میں جنتیوں کو جو پسینا آئے گا وہ ایسا خوشبودار ہو گا کہ اس میں مُشک کی سی خوشبو ہو گی۔(مسلم،ص1165،حدیث:2835)(ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنت،قسط197،ص7)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد

سُوال: کیا میاں بیوی دونوں جنّت میں ایک ساتھ رہیں گے ؟

جواب: جی ہاں! اگر میاں بیوی کا خاتمہ ایمان پر ہوا تو یہ دونوں جنّت میں ساتھ رہیں گے۔ (التذکرۃ باحوال الموتی وامور الاخرۃ،ص462) اگر ان میں سے کسی کا مَعاذَ اللہ ایمان سَلامت نہ رہا تو دوزخ اس کا ٹھکانا ہو گا اور جو جنّت میں جائے گا اس کا کسی دوسرے جنّتی سے نکاح ہو جائے گا۔ جنّت میں جانے والے کو اپنے دوسرے فریق کے بچھڑنے کا کوئی غم و صدمہ بھی نہیں ہو گا کیونکہ جنّت غم اور صَدمے کا مقام نہیں۔(فیضانِ مدنی مذاکرہ قسط:8،ص30)

سُوال: جنّت میں مَردوں کو حوریں ملیں گی تو عورتوں کو کیا ملے گا؟

جواب: عورتوں کو جنّت میں ان کے وہ شوہر ملیں گے جن کے نکاح میں وہ تھیں بشرطیکہ شوہر بھی جنّتی ہوں۔ اگر کسی عورت کا شوہر جنّت میں نہ جاسکا تو وہ کسی اور جنّتی مَرد کے نکاح میں دے دی جائے گی۔ اِسی طرح ”جو عورتیں کنواری فوت ہوئیں وہ بھی جنّت میں کسی مَرد کی زَوجیت میں چلی جائیں گی۔ اس کے عِلاوہ جنّت کی نعمتیں مثلاً محلّات، لباس، غِذائیں اور خُوشبویات وغیرہ مَرد و عورت میں مُشترک ہیں، البتہ دِیدارِ اِلٰہی میں اِختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ دونوں کو ہو گا۔(فتاویٰ اہلسنّت، سلسلہ نمبر7،ص24)(فیضانِ مدنی مذاکرہ قسط:31،ص3)

نوٹ: آخری دو سوالات فیضانِ مدنی مذاکرہ سے لئے گئے ہیں جن میں حسبِ ضرورت ترمیم و اضافہ شامل ہے۔

www.dawateislami.net